# کوئی عورت کفریہ جملہ بول دے، تو اس کے نکاح کا حکم؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر عورت کفریہ جملہ بول دے، تو کیا اس پر بھی تجدیدِ نکاح لازم ہوگا؟ نیز اگر تجدیدِ نکاح لازم ہوا اور وہ عورت تجدیدِ نکاح نہ کرنا چاہے، تو کیا اس کا نکاح ختم ہو جائے گا؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

عورت سے اگر معاذ اللہ! ایسا قول، فعل سرزد ہو جائے کہ جس کی وجہ سے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو تو بھی عورت شوہر کے نکاح سے نہیں نکلتی، اس کے لئے توبہ اور تجدیدِ ایمان کے بعد کسی اور سے نکاح کرنا بھی جائز نہیں۔ ہاں! چونکہ یہ ارتداد کے سبب اپنے شوہر پر حرام ہو چکی ہے لہٰذا تجدیدِ نکاح کرے گی لیکن یہ تجدیدِ نکاح سابقہ شوہر (یعنی ارتداد سے پہلے جس کے نکاح میں تھی) سے ہی کرے گی، کسی اور مرد سے نکاح نہیں کر سکتی۔

امیر اہلسنت مدظلہ العالی کی مایہ ناز تصنیف **"کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب"** میں ہے: "سُوال: اگر عورت مُرتَدہ ہو گئی تو شوہر کے نِکاح میں رہی یا نہیں؟ **جواب:** مرتدہ عورت نکاح سے نہیں نکلتی۔ چنانچہ میرے آقا اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنّت، مولیٰنا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کی بارگاہ میں کچھ اِس طرح سوال ہوا کہ حکمِ شریعت سُن کر ہِندہ جو کہ شادی شدہ ہے نے غصّہ میں آکر یا تو یہ کہا: "چُولہے میں جائے ایسی شریعت" یا پھر یوں کہا: "مری پڑے ایسی شریعت" الجواب: ہِندہ نے پہلا فِقرہ کہا ہو خواہ دوسرا، (دونوں جُملے صریح کفریات ہیں لہٰذا) ہر طرح اس کا ایمان جاتا رہا کہ اِس نے شَرعِ مُطَہَّرہ کی توہین کی مگر ہِندہ (مُرتدہ ہو جانے کے باوُجود) نکاح سے نہ نکلی، نہ اُسے رَوا (یعنی جائز) ہے کہ بعدِ اسلام کسی دوسرے سے نکاح کر لے۔ ہاں (چُونکہ وہ اپنے ارتِداد کے سبب اپنے شوہر پر حرام ہو چکی ہے لہٰذا) بعدِ (قبولِ) اسلام سابقہ شوہر ہی سے تجدیدِ نکاح پر مجبور کی جائے گی۔ (فتاوٰی رضویہ، ج ۱۲ ص ۲۶۲۔ ۲۶۳ مُلَخَّصاً)" (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ 631، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب :** مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

**فتوی نمبر :** Web-2246

**تاریخ اجراء :** 17شوال المکرم1446ھ/16اپریل2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net